ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(660)

مورخہ 11.12.2023

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 09ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ عباس نگر اور تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05ملزمان اقبال حسین عرف ببل شاہ ،رشید احمد،لطیف، زوہیب اور شفیق کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 280لیٹر شراب اور 01عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔جبکہ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ بغداد الجدید،تھانہ عباس نگر اور تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے 04ملزمان شہباز،عمران عرف مانو،ساجد موچی اور اللہ یار کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 کلو 100 گرام چرس اور 02 کلو 320 گرام افیون برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب،منشیات فروشوں کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (661)

مورخہ 11.12.23

**بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، ماہ نومبر 2023 میں بہاولپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 77 ملزمان کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کیا۔جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرائم پیشہ افراد کا تعاقب کیا جا کر انکو کیفر کردار تک پہنچانے کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے،ڈی پی او سید محمد عباس کی افسران کو ہدایت**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے جدید ٹیکنالوجی پر زور دیا۔اسی سلسلے میں جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ ماہ میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 77 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے اور گرفتار 77 ملزمان کے قبضہ سے کلاشنکوف 02،رائفل 03، بندوق/ریپیٹر 10 عدد ، کاربین 03،ریوالور 03عدد ،پسٹل 30 بور 57عدد اور 247 راوند برآمد کئے ۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، جدید تکنیکی استعارات کا استعمال جرم کو ہونے سے پہلے روک سکتا ہے۔جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کو مانیٹر کیا جا کر انکو انجام تک پہنچایا جائے جس کے وہ مستحق ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ میں تعینات افسران کی کارکردگی کا جائزہ ان کی طرف سے مجرموں کے گرفتاریوں اورعوام الناس کو دیئے گئے ریلیف سے لگایا جاتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ ماہ بہاولپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والے متعدد ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ ناجائز وایمونیشن برآمد کیا